**AN OIFIG UM CHOSAINT IDIRNÁISIÚNTA**
**INTERNATIONAL PROTECTION OFFICE**

**IPO (SP) 05**

# معلوماتی نوٹ

## یورپی یونین (سبسیڈائری پروٹیکشن) ریگولیشنز، 2017

**یہ نوٹ صرف معلومات اور رہنمائی کے لئے ہے۔یہ ان قوانین کی قانونی تشریح دینے کا دعوی نہیں کرتا۔**

### 1. یہ ضوابط کس بارے میں ہیں؟

1.1 دی یورپی یونین (سبسیڈائری پروٹیکشن) ریگولیشنز، 2017[1] (دی ریگولیشنز2017)، مخصوص طبقات کے افراد کی طرف سے سبسڈری پروٹیکشن کی درخواست کی تشکیل سے متعلق ہے اور یہ 2 اکتوبر 2017 کو عمل میں آ جائے گی۔ یہ قوانین کورٹ آف جسٹس آف دی یورپی یونین(the CJEU) کی طرف سے فقہ و احکام پر غور کرنے کے سلسلے میں متعارف کیے جارہے ہیں جو کیس .C-429/15 E.D بمقابلہ منسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلیٹی ECLI:EU:C:2016:789میں اور اسی کیس ای ڈی بمقابلہ منسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلیٹی (نمبر 2) [2017] IECA 20 کے کورٹ آف اپیل میں۔

1.2 ریگولیشنز2017 کے تحت درخواستوں کی پروسیسنگ انٹرنیشنل پروٹیکشن آفسIPO شروع کرے گا۔

### 2. ریگولیشنز2017کا اطلاق کس پر ہوتا ہے؟

2.1 اگر آپ وہ فرد ہیں جس کا ریاست میں رفیوجی اسٹیٹس 10اکتوبر 2016کو یورپی کمیونٹی (پروٹیکشن کی اہلیت)[2] ریگولیشنز 2016 کے متعارف ہونے کے بعد رد ہوگیا ہے اور بعد میں آپ کو ریگولیشنز 2006 یا دی یورپی یونین (سبسیڈائری پروٹیکشن) ریگولیشنز 2013(ریگولیشنز2013)[3] کے تحت سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست جمع کرانے کیلئے مدعو کیا گیا تھا اور:

a) آپ نے درخواست درج نہیں کی تھی کیونکہ آپ کو یقین تھا کہ آپ اس بنیاد پر ایسا کرنے کے حقدار نہیں تھے چونکہ 15 کام کے دنوں میں درخواست جمع کرانے کی مدت ختم ہو چکی تھی، یا

b) آپ نے تاخیر سے سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست دی تھی، یہ درخواست 15 کام کے دنوں میں جمع ہونے کی مدت ختم ہونے کے بعد ددج ہوئی، اس پر غور نہ ہوا یا اس درخواست کا جائزہ نہ لیا گیا،

[1] S.I. No. 409 of 2017

[2] S.I. No. 518 of 2006

[3] S.I. No. 426 of 2013

ریگولیشنز2017 کی دفعات کے تحت، آپ اب سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست دینے کے اہل ہیں۔

**3. کیا مجھے ریگولیشنز2017 کے تحت درخواست دینے کے لئے کسی بھی شرائط کو پورا کرنے کی ضرورت ہے؟**

3.1 ریگولیشنز2017 کے تحت، اس عمل سے فائدہ اٹھانے کے لئے آپ کو مندرجہ ذیل معیار کو پورا کرنا ہوگا:

i. آپ کا 2 اکتوبر 2017 کو ریاست میں موجود ہونا ضروری ہے۔

ii. ذاتی طور پر انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں درخواست درج کرنا آپ کیلئے ضروری ہے۔

3.2 اگر آپ کو اس دیاست میں یا یورپی یونین کی کسي رکن ریاست میں رفیوجی سٹیٹس یا سبسیڈائری پروٹیکشن فراہم کی گئی ہے تو آپ اس عمل کے تحت درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

**4. میں سبسیڈائری پروٹیکشن کیلئے درخواست کیسے دے سکتا ہوں اور مجھے کیا معلومات فراہم کرنی ہونگیں؟**

4.1 ریگولیشنز2017 کے تحت سبسیڈائری پروٹیکشن کے عمل میں داخل ہونے کی درخواست، مندرجہ ذیل نقطوں کے مطابق ہونی چاہئے:

i. درخواست ذاتی طور پر چیف انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر کو انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں 2 اکتوبر 2017 سے لیکر 30 کاروباری دنوں (یعنی 2 اکتوبر 2017 سے لیکراور بشمول 13 نومبر 2017 تک) کے اندر پیش کرنا ضروری ہے۔

ii. درخواست کا **درخواست فارم(IPO (SP) 01)**جو ریگولیشنز2017 کے شیڈول 1میں بیان کی گئی ہے یا اس طرح کے فارم کی شکل میں ہونا ضروری ہے۔

iii. آپ کو لازمی طور پر **قانونی اعلامیہ(IPO (SP) 02)**کو فارم میں جو ریگولیشنز2017 کے شیڈول 2میں درج ہے جمع کرانا ہے۔ مکمل شدہ قانونی اعلامیہ[4] دوسری باتوں کے ساتھ ہونا چاہئے

- کس بنیاد پر آپریگولیشنز 2017 کے تحت درخواست دینے کے اہل ہیں،
- کہ آپ کو اس ریاست میں یا یورپی یونین کے رکن ریاست میں رفیوجی اسٹیٹس یا سبسیڈائری پروٹیکشن فراہم نہیں کیا گیا ہے، اور
- کہ آپ 2 اکتوبر 2017 کو ریاست میں موجور تھے۔

4.2 اگر آپ کی درخواست IPO میں پروسیسنگ کے لئے قبول ہو جاتی ہے تو، مناسب وقت پر انٹرویو مقرر کیا جائے گا۔ اپنا درخواست فارم جمع کراتے وقت، آپ ریگولیشنز 2013 کے مطابق اپنے دعوے کی حمایت مینکوئی بھی اضافی معلومات فراہم کرسکتے ہیں۔

[4] نوٹ: قانونیاعلامیہکااعلاننوٹرپبلک،حلفونکےکمشنر،امنکمشنریاقانونکیطرفسےقانونیاعلامیہدینےکےحاملشخصکےسامنےہوناضروریہے۔

## 5. میں درخواست فارم اور دیگر منسلک دستاویزات کہاں سےحاصل کرسکتا ہوں؟

5.1 درخواست فارم **(IPO (SP) 01)**، منسلک شدہ قانونی اعلامیہ **(IPO (SP) 02)** اور دیگر معلومات ذاتی طور پر انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کے نمائندے سے یا IPO دفتر کے ٹیلی فون پر کال کرکے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ آخرالذکر صورت میں، معلومات آپ کو پوسٹ کے ذریعے ارسال کی جائینگی۔ جب آپ ذاتی طور پر IPO دفتر میں آتے ہیں یا اگر آپ IPOدفتر میں ٹیلی فون کے ذریعے رابطہ کرتے ہیں تو، آپ سے اپنی شناخت کی توثیق کے لئے مخصوص معلومات حاصل کی جائے گئیں اور آپ سے اس بات کی تصدیقلی جائے گی کہ ریگولیشنز 2006 کے متعارف ہونے کے بعد آپ کی رفیوجی اسٹیٹس کی درخواست مسترد ہوگئی تھی۔

## 6. میں اپنا درخواست فارم کہاں جمع کراسکتا ہوں؟

6.1 مکمل شدہ درخواست فارم اور دیگر منسلک دستاویزات **ذاتی طور** پر 2 اکتوبر 2017 سے لیکراور بشمول 13 نومبر 2017 تک انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں واپس کرنا **ضروری ہے۔**

6.2 ایڈریس مندرجہ ذیل ہے:

**International Protection Office,**
**Irish Naturalisation and Immigration Service,**
**79-83 Lower Mount Street,**
**Dublin 2. D02 ND99**

ٹیلی فون نمبر: 8008 602 1 353+ (کسٹمر سروس سنٹر)
فیکس: 8122 602 1 353+
ای میل: info@ipo.gov.ie

## 7. IPO میں کیا ہوگا؟

7.1 جب آپ مکمل شدہ دستاویزات کے ساتھ، سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست درج کرنے کیلئے IPO میں شرکت کرتے ہیں ، ریگولیشنز2017 کی دفعات کے تحت، تو بعض تصدیقی جانچ پڑتال کے بعد (جس میں درخواست درج کرنے کی اہلیت اور آپ کا ریاست میں پہلے سے مسترد رفیوجی اسٹیٹس سے متعلق تصدیقی چیک شامل ہے) سٹاف آپ کی درخواست درج کرے گا۔

7.2 برائے مہربانی آپ اپنی سابقہ رفیوجی اسٹیٹس (بشمول درخواست درج کرنے کی تاریخ، فیصلے کی تاریخ، حوالہ نمبر وغیرہ) سے متعلق اگر آپ کے پاس کوئی بھی معلومات موجود ہے تو، اپنے ساتھ ضرور لیں کر آئیں۔

7.3 تصدیقی عمل کے حصے کے طور پر، آپ کو اپنے فنگر پرنٹس دینے کے لئے کہا جائے گا۔

## 8. میری سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست پر کاروائی کون کرے گا؟

8.1 اس بات کو یقینی بنانے کے بعد کہ ریگولیشنز2017 کے تحت آپ کی درخواست منظوری کے شرائط کو پورا کرتی ہے، انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر یورپی یونین (سبسیڈائری پروٹیکشن) ریگولیشنز2013 کے تحت انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں آپ کی درخواست پر عملدرآمد کرے گا۔

8.2 **<u>آپ کی درخواست قبول ہونے کے بعد، آپ کے سبسیڈائری پروٹیکشن انٹرنیشنل انٹرویو کے انتظامات کے بارے میں IPO آپ سے مناسب وقت میں رابطہ کرے گا، لہذ آپ کو IPO سے براہ راست یا بالواسطہ رابطہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔</u>**

## 9. قانونی مشورہ

9.1 آپ کی تجویز دی جاتی ہے کہ آپ کو اس سلسلے میں قانونی مشورہ لینا چاہئے کہ آیا آپ ریگولیشنز2017 کے تحت درخواست ددج کرنے کے اہل ہے یا نہیں۔

## 10. سوالات

10.1 اگر آپ اس درخواست کے عمل کے متعلق کوئی سوال کرنا چاہتے ہیں تو، برائے مہربانی انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس سے رابطہ کریں۔ رابطے کی تفصیلات اوپر درج ہے۔

## 11. سبسیڈائری پروٹیکشن کے بارے میں معلومات

11.1 سبسیڈائری پروٹیکشن کے بارے میں معلومات، اس معلوماتی نوٹ کے ضمیمہ میں ہیں.

**ضمیمہ**

## سبسیڈائری پروٹیکشن کے بارے میں معلومات

### 1. ریگولیشنز2017 کا مقصد

1.1 دی یورپی یونین (سبسیڈائری پروٹیکشن) ریگولیشنز2013 ریاست میں سبسیڈائری پروٹیکشن کے حصول کیلئے 14 نومبر 2013 یا اس کے بعد درج ہونے والی درخواستوں کی تحقیقات کرنے اور جائزہ لینے کا نظام فراہم کرتا ہے۔

### 2. سبسیڈائری پروٹیکشن کیا ہے؟

2.1 سبسیڈائری پروٹیکشن اُس شخص کو دی جاتی ہے جو یہ ثابت کریں کہ اگر وہ اپنے ملک یا سابقہ قیام والے ملک واپس جاتا ہے تو اس بات کا بہت حد تک امکان کہ وہ وہا ں شدید نقصان کا شکار ہوسکتا ہے، اور وہ قاصر ہے یا اس خطرے کی وجہ سے وہ اپنے ملک یا سابقہ قیام والے ملک میں واپس جانے کو تیار نہیں ہے؛ اور متعد وجوہات کی بناء پرسبسیڈائری پروٹیکشن کی اہلیت سے خارج نہیں ہواہے۔

2.2 شدید نقصان کا مطلب ہے:

(a) سزائے موت یا پھانسی؛ یا

(b) تشدد یا غیر انسانی یا ذلت آمیز سلوک یا ایک شخص کو اپنے اصل ملک / سابقہ قیام والے ملک میں سزا ؛ یا

(c) بین الاقوامی یا اندرونی مسلح تصادم کی صورت حال میں اندھا دھند تشدد کے سبب سے ایک شہری کی زندگی یا شخص کو شدید اور انفرادی خطرہ۔

2.3 اگر آپ سبسیڈائری پروٹیکشن کے اہل ہوجاتے ہیںتو آپ کو ریاست میں رہنے کی اجازت ہوگی اور آپ متعدد حقوق اور استحقاقات کے اہل ہونگے۔ یہ حقوق اور استحقاقات ریگولیشنز2013 میں مقرر کیے گئے ہیں.

### 3. سبسیڈائری پروٹیکشن کیلئے کون اہل ہے؟

3.1 اس شرط کے ساتھ کہ جب آپ اپنی درخواست درج کریں تو آپ ریاست میں موجود ہو، ریگولیشنز2013 کے مطابق آپ سبسیڈائری پروٹیکشن کے اہل ہیں اگر:

(a) آپ یورپی یونین کی کسی رکن ریاست کے شہری نہیں ہیں،

(b) آئرلینڈ میں آپ کا رفیوجی سٹیٹس کا اعلامیہ مسترد ہوگیا تھا،

(c) یہ یقین کرانےکے لئے آپ نے کافی بنیادیں فراہمکی ہیں کہ اگر آپ اپنے ملک یا سابقہ قیام والے ملک واپس جاتے ہیں تو اس بات کا بہت حد تک امکان کہ آپ وہاں شدید نقصان کا شکار ہوسکتے ہیں، اور اس خطرے کی وجہ سے آپ اپنے ملک یا سابقہ قیام والے ملک میں واپس جانےسے قاصر ہیں یا اس کے لئے تیار نہیں ہیں، اور

(d) آپ اہلیت سے خارج نہیں ہوئے ہیں۔

3.2 ریگولیشنز2013 کے مطابق آپ کو سبسیڈائری پروٹیکشن کی اہلیت سے خارج کردیا جائے گا، اگر غور کے لئے سنگین وجوہات موجود ہیں کہ آپ نے:

(a) امن کے خلاف جرم، جنگی جرم یا انسانیت کے خلاف جرم کیا ہے، انٹرنیشنل انسٹرومینٹز کی دفعات کی رو سے اس جرم کا ارتکاب سنگین جرائم کی فہرست میں ہوتا ہے؛

(b) سنگین جرم کیاہے؛

(c) اقوام متحدہ کے مقاصد اور اصولوں کے خلاف ہونے والی کارروائیوں میں حصہ لیا ہے جو اقوام متحدہ کے چارٹر کے پرامبل، آرٹیکل 1 اور آرٹیکل 2 میں مقرر کیے گئے ہیں، یا

(d) کمیونٹی یا ریاست کی سلامتی کیلئے خطرہ بنتے ہیں۔

3.3 آپ سبسیڈائری پروٹیکشن کی اہلیت سے اس لئے بھی خارج ہوجائیں گے،اگر:

(i) اس بات پرغور کرنے کے لئے سنجیدہ وجوہات موجود ہیں کہ آپ نے کسی کو اکسایا ہے یا دوسری صورت میں آپ نے جرم کے ارتکاب میں حصہ لیا تھا یا اَس عمل میں جس کا حوالہ پیراگراف 3.2(a) تا (d) میندیا گیا ہے،

(ii) آپ نے اپنا اصل ملک صرف اَس جرم کی سزا یا ان جرائم کی سزاؤں (لیکن ان کی نوعیت پیراگراف 3.2(a) تا (d) میں درج جرم یا طرزِعمل جیسی نہیں) سے بچنے کیلئے چھوڑا ہے، اس ریاست میں آمد سے قبل اس طرح کے جرم کی مجرمانہ سزا دی جاتی تھی جہاں آپ نے یہ جرم انجام دیا تھا۔

## 4. ریاست میں سبسیڈائری پروٹیکشن کیلئے کون درخواست دے سکتا ہے؟

4.1 ریگولیشنز 2013 کے تحت، وہ شخص سبسیڈائری پروٹیکشن کیلئے درخواست دے سکتا ہے

(i) جو ریاست میں موجود ہے، اور

(ii) جس کا آئرلینڈ میں رفیوجی کی حیثیت سے اعلامیہ مسترد ہوچکا ہے۔

## 5. انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میری سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست پر تحقیقات کیسے کرے گا؟

5.1 انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر آپ کی سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست پر تحقیق اور اس کا تعین ریگولیشنز 2013 کے تحت کرے گا۔

5.2 سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواستکی پروسیسنگ کے طریقہ کار کے تحت، آپ کو آپ کی درخواست کے سلسلے میں ایک انٹرویو کے لئے حاضر ہونے کی ضرورت ہوگی۔ اس انٹرویو کا مقصد، آپ کےسبسیڈائری پروٹیکشن کے دعوی کے بارے میں مکمل تفصیلات موصول کرنا ہے۔

5.3 درخواست دہندہ کیلئے انٹرویو کے سلسلے میں مقرر کردہ تاریخ اور وقت پرانٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں حاضر ہونا ضروری ہے۔ اگر کوئی درخواست دہندہ شیڈول کے مطابق انٹرویو میں شرکت نہیں کرتا تو، اس کی درخواست کو خارج کیا جاسکتا ہے۔

5.4 درخواست دہندہ تحریری نمائندگی (بشمول دعوے کی حمایت میں متعلقہ دستاویزات) چیف انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر کو انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس میں پیش کرسکتا ہے،کسی معاملے کی متعلقہ تحقیق کے سلسلے میں چیف انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر یا انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس ریگولیشنز 2013 کے تحت منعقد ہونے والے انٹرویو سے پہلے یا اس دوران پیش کی گئی نمائندگیوں (ثبوتوں) کا جائزہ لے سکتا ہے۔ نمائندگیاں اقوام متحدہ کے ہائی کمشنر برائے پناہ گزین یا متعلقہ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بھی پیش کی جاسکتیں ہیں۔

5.5 جب بھی ضروری ہو، انٹرویو کے دوران مناسب مواصلات کو یقینی بنانے کے مقصد سے، انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس کی طرف سے ایک مترجم فراہم کیا جائے گا۔

## 6. پروسیسنگ کے انتظامات کی آؤٹ لائن

6.1 سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواستکی پروسیسنگکے انتظامات کی فہرست مندرجہ ذیل ہے:

(i) چیف انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر یا انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس آپ کی درخواست کے سلسلے میں آپ کے انٹرویو کے لیے بندوبست کرے گا۔

(ii) انٹرویو کے بعد، آپ کی درخواست کی تحقیقات کے نتائج پر ایک تحریری رپورٹ تیار کی جائے گی اور انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر منسٹر فار جسٹس اینڈ ایکویلیٹی کو اس بات کی تجویز دے گا کہ آیا آپ سبسیڈائری پروٹیکشن کے اہل ہے یا نہیں۔

(iii) منفی تجویز(نتیجے) کی صورت میں، آپ انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر کی طرف سے منفی تجویز(نتیجے) کا نوٹس بھیجے جانے کی تاریخ سے 15 کاروباری دنوں کے اندر انٹرنیشنل پروٹیکشن اپیل ٹرنیونل ("دی ٹربیونل") میں اس تجویز کے خلاف اپیل کرنے کے اہل ہونگے۔ درخواست دہندہ کی اپیل کی گزارش پر ٹربیونل زبانی سماعت کرگا۔ بصورتِ دیگر، اس اپیل کا جائزہ زبانی سماعت کے بغیر لیا جاسکتا ہے۔

(iv) انٹرنیشنل پروٹیکشن آفیسر کی تجویز یا ٹرنیونل کے فیصلے کی بنیاد پر، منسٹر ریگولیشنز 2013 کے تحت آپ کو مناسب طور پر سبسیڈائری پروٹیکشن کا اعلامیے دے گا یا نہیں دے گا.

6.2 منسٹرکی جانب سے آپ کی سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست مسترد کی جانے کی صورت میں، آپ کو ایک تحریری نوٹس بھیجا جائے گا، جس میں تحریر ہوگا کہ:

(a) آپ کی سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست مسترد کردی گئی ہے؛

(b) ریاست میں رہنے کے لئے آپ کے استحقاق کی مدت ختم ہو گئی ہے؛

(c) امیگریشن ایکٹ 1999 کی دفعہ 3 کے تحت آپ کی ملک بدری کے حکم کو جاری کرے گا؛اور

(d) آپ کو 15 کاروباری دنوں کے اندر منسٹر سے یہ استدعا کرنے کا اختیار ہوگا کہ آپ کو کس بنیاد پر ریاست میں رہنے کی اجازت دی جاسکتی ہے۔

## 7. دیگر معلومات

7.1 آپ کو وکیل سے مشورہ کرنے کا حق حاصل ہے اور آپ اپنی سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست کے سلسلے میں لیگل ایڈ بورڈ (LAB) کی خدمات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔LAB ایک خود مختار ادارہ ہے جو آئرلینڈ میں پروٹیکشن کی درخواست دینے والوں کو خفیہ قانونی معاونت فراہم کرنے کے لئے قائم کیا گیا ہے۔LAB آپ کی درخواست کی حمایت میں قانونی مشورہ اور معاونت فراہم کرے گا۔ متبادل کے طور پر آپ اپنے ذاتی خرچ پر نجی وکیل کی خدمات لے سکتے ہیں۔ آپ اقوام متحدہ کے ہائی کمشنرسے مشورہ کرنے کا حق بھی رکھتے ہیں۔

7.2 آپ کو اپنی سبسیڈائری پروٹیکشن کی درخواست کے آخری فیصلے تک اس ریاست میں رہنے کی اجازت ہے۔ اس سلسلے میں منسٹر درخواست دہندگان کو ایک خط جاری کرے گا۔

7.3 دوسرے طرز عمل کے معاملات جو اس معلوماتی نوٹ میں شامل نہیں، سبسیڈائری پروٹیکشن کے اہل اشخاص کے حقوق اور استحقاق سے متعلق تفصیلات اور سبسیڈائری پروٹیکشن کے اعلامیے کو نافذ کرنے والوں کے بارے میں جاننے کیلئے ریگولیشنز 2013 کا مطالعہ کریں۔

**انٹرنیشنل پروٹیکشن آفس**

**22 ستمبر 2017**

# کچھ رابطے کی تفصیلات

**International Protection Office**
Irish Naturalisation and Immigration Service,
79-83 Lower Mount Street,
Dublin 2.
D02 ND99

ٹیلی فون: +353 1 602 8000
فیکس: +353 1 602 8122
ای میل:info@ipo.gov.ie
ویب سائٹ: www.ipo.gov.ie

**International Protection Appeals Tribunal**
6/7 Hanover Street,
Dublin 2.
D02 W320

ٹیلی فون: +353 1 474 8400
لوکل کال: 1890 210 458
فیکس: +353 1 474 8410
ای میل:info@protectionappeals.ie
ویب سائٹ: www.protectionappeals.ie

**Legal Aid Board - Smithfield**
48/49 North Brunswick Street,
Georges Lane,
Dublin 7.
D07 PE0C

ٹیلی فون: (01) 646 9600
فیکس: (01) 671 0200
ای میل:lawcentresmithfield@legalaidboard.ie

**International Organisation for Migration**
116 Lower Baggot Street,
Dublin 2.
D02 R252

فری فون: 1800 406 406
ٹیلی فون: +353 1 676 0655
ای میل:iomdublin@iom.int
ویب سائٹ:www.ireland.iom.int/

**United Nations High Commissioner for Refugees**
102 Pembroke Road,
Ballsbridge,
Dublin 4.

D04 E7N6
ٹیلی فون: 01 631 4510
ویب سائٹ:www.unhcr.org